BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

## برامپٹن فارمرز مارکیٹ، ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں تمام تر حفاظتی اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے مؤرخہ 27 جون سے کھلے گی

برامپٹن، آن (19 جون 2020) – کھلنے کیلئے انتہائی انتظار کی جانے والی برامپٹن فارمرز مارکیٹ کووِڈ-19 کے ردعمل میں حفاظتی اقدامات کے ساتھ ایک اور سیزن کے لیے واپس آ گئی ہے۔

یہ مارکیٹ 27 جون سے لے کر 24 اکتوبر 2020 تک ہر ہفتے کے روز صبح 8 تا دن 1 بجے تک کھلے گی۔ اس مارکیٹ کے آغاز کا نیا وقت سڑکوں پر خریداری کے لیے ایک محفوظ ترتیب کو ممکن بنائے گا۔

آپ کے کئی پسندیدہ کسان اور فروخت کنندگان تازہ مقامی سبزیاں اور تیار شدہ ڈبہ بند خوراک فروخت کرنے کے لیے واپس آئیں گے۔ موقع پر تیار ہونے والے فن پارے اور خوراک دستیاب نہیں ہو گی۔ کووِڈ-19 کی عالمی وباء کے دوران کمیونٹی کی صحت و سلامتی سٹی کی اولین ترجیح ہے، لہٰذا حفاظتی اقدامات موجود ہوں گے۔

پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے رہنمائی کے ساتھ، سٹی آف برامپٹن درج ذیل حفاظتی اقدامات کا نفاذ کرے گا:

- تمام فروخت کنندگان اور گاہکوں کے لیے مارکیٹ میں ہونے کے دوران نان میڈیکل ماسک پہننا یا چہرہ ڈھانپنا ضروری ہے
- پوری مارکیٹ میں ہینڈ سینیٹائزر اسٹیشنز دستیاب ہوں گے
- ایک وقت میں مارکیٹ میں آنے والے افراد کی صرف ایک مخصوص تعداد کو چھوڑا جائے گا۔
- مارکیٹ کی ہر جگہ کا صرف ایک داخلی اور ایک ہی خارجی راستہ دستیاب ہو گا

سٹی سفارش کرتا ہے کہ ہر گھرانے میں سے صرف ایک شخص اس مرتبہ مارکیٹ کو آئے۔

سٹی گاہکوں پر زور دیتا ہے کہ وہ مارکیٹ میں آنے پر جسمانی فاصلہ بندی کو برقرار رکھیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہر وقت ایک دوسرے سے دو میٹر (چھ فٹ) دور رہنا چاہیے، ماسوائے یہ کہ وہ صوبے کے ایمرجنسی آرڈرز کے تحت آپ کے دس افراد کے سماجی دائرے میں رہتے ہوں۔ صوبے کے ایمرجنسی آرڈرز کے تحت دس سے زائد لوگوں کا اجتماع ممنوع ہے۔ گاہکوں کو اس بات کی بھی یادد دہانی کروائی جاتی ہے کہ اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلًا ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس اپنے ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنے چہرے کو چھونے سے گریز کریں۔

خریداری کو زیادہ سے زیادہ تیز بنانے کے لیے، فروخت کنندگان کا ایک نقشہ www.brampton.ca/markets پر آن لائن اور مارکیٹ کے دنوں میں موقع پر بھی دستیاب ہو گا۔

برامپٹن فارمرز مارکیٹ کو اس سال فراخ دلی کے ساتھ الگوما یونیورسٹی کی جانب سے اسپانسر کیا گیا ہے۔

خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔ باقاعدگی سے اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/covid19 پر جائیں۔

**اقتباسات**

"ہم اس بات کا اعلان کرنے کے لیے بے حد پرجوش ہیں کہ براampٹن فارمرز مارکیٹ، جو ہمارے شہر کے دل ڈاؤن ٹاؤن میں لمبے عرصے سے منعقد ہونے والا ایک موقع ہے، 27 جون سے رواں سیزن کے لیے کھلا ہو گا۔ میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ آپ ماسک پہن کر، جسمانی فاصلہ بندی پر عمل کرتے ہوئے اور حفظان صحت کے اچھے اصولوں کو برقرار رکھتے ہوئے مارکیٹ سے لطف اندوز ہوں۔ میں آپ کو اس سال مارکیٹ میں واپس خوش آمدید کہنے کے لیے پرامید ہوں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن فارمرز مارکیٹ ہماری کمیونٹی کی ایک روایت ہے اور میں اسے اس سال بھی زندہ ہوتے دیکھنے کے لیے پرامید ہوں۔ کئی زبردست فروخت کنندگان یہاں موجود ہوں گے اور میں تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ کاروباروں کی مدد کریں۔ تمام لوگوں کے لیے بہترین ممکن تجربے کو یقینی بنانے کے لیے زیر نفاذ حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔"

- *گرپیت ڈھلون، ریجنل کونسلر وارڈز 9 اور 10، سٹی آف برامپٹن؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر*

چونکہ برامپٹن فارمرز مارکیٹ اس سیزن کے لیے کھل رہی ہے، لہٰذا کمیونٹی کی صحت و سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے۔ مارکیٹ سے لطف اندوز ہوں، جی بھر کے خریداری کریں مگر حفاظتی اقدامات پر بھی ضرور عمل کریں۔ ایک ساتھ مل کر ہم مارکیٹ کے پورے موسم کے دوران صحت مند، محفوظ اور خوش رہ سکتے ہیں۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5، سٹی آف برامپٹن؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر*

"سٹی اپنی کمیونٹی کی صحت و سلامتی کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے، خصوصًا کووڈ-19 کے دوران۔ ہم پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے رہنمائی کے ساتھ برامپٹن فارمرز مارکیٹ کھول رہے ہیں اور ہم تمام لوگوں پر زور دیتے ہیں کہ وہ زیر نفاذ حفاظتی اقدامات پر عمل کریں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن فارمرز ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کا ایک انتہائی اہم حصہ ہے اور مجھے یہ زبردست خبر سننے پر بہت خوشی محسوس ہوئی ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کے کئی کاروبار اس سال فروخت کنندگان میں شامل ہیں اور میں رہائشیوں اور سیاحوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اپنی مقامی چیزیں خریدیں، محفوظ رہیں اور ہمارے عظیم شہر اور ڈاؤن ٹاؤن کی معاونت کریں۔"

- *سوزی گوڈفروئے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن BIA*

"برامپٹن فارمرز مارکیٹ ایک ایسی روایت ہے، جس کا حصہ ہونے پر میرا کاروبار ہمیشہ فخر محسوس کرتا ہے۔ یہ بات اب پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے کہ آنے والے لوگ مقامی چیزیں خریدیں۔ میں اس سال مارکیٹ میں پیسٹریاں، ڈبل روٹی اور شنیٹزل سینڈ وچ فروخت کروں گی۔ براہ کرم جسمانی فاصلہ بندی اور اچھی حفظان صحت کے اصولوں پر ضرور عمل درآمد کریں، تاکہ ہم سب محفوظ رہ سکیں اور مارکیٹ سے لطف اندوز بھی ہو سکیں۔"

- *ویرا کراس ویک، مالکن، کوئین جیپسی*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca